SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
January 2, 2017

## ایس ای سی پی نے میوچل فنڈز ڈسٹری بیوٹرز کے لئے سہل ریگولیٹری فریم ورک کی منظوری دے دی

اسلام آباد، جنوری ۲: سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے سنگل ایسٹ مینجمنٹ کمپنی کے میوچل فنڈ یونٹ فروخت کرنے والے ڈسٹری بیوٹرز کے لئے آسان تصدیقی اور انضباطی مطلوبات کی منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ ایک فعال ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک قائم کرنے کی حوصلہ افزائی کے لئے کیا گیا ہے۔

تعلیم یافتہ اور تجربہ کار افراد پر مشتمل میوچل فنڈز تقسیم کاروں کا ایک نیا طبقہ متعارف کرایا گیا ہے جو کسی ایک ایسٹ مینجمنٹ کمپنی کے میوچل فنڈز یونٹس کی تقسیم صرف کم از کم قابلیت اور انسٹی ٹیوٹ آف فنانشل مارکیٹ آف پاکستان (IFMP) کے سرٹیفیکیٹ حاصل کر کے کر سکتے ہیں۔ محض ایک ایسٹ مینجمنٹ کمپنی کے میوچل فنڈز یونٹس فروخت کے حصول کے لئے ڈسٹری بیوٹرز ایس ای سی پی سے لائسنس/رجسٹریشن سے مستثنیٰ ہوں گے اور موجودہ آئی ایف ایم پی (IFMP) سرٹیفیکیشن ان پر لاگو نہیں ہو گی۔

مالیاتی مصنوعات کی تقسیم کاری کے پیشے میں لوگوں کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کے لئے ڈسٹری بیوٹرز کی اہلیت کا معیار کم رکھا گیا ہے۔ ایک فرد میٹرک اور انسٹی ٹیوٹ آف فنانشل مارکیٹ آف پاکستان (IFMP) کے سرٹیفیکیشن کے ساتھ میوچل فنڈز کے ڈسٹری بیوٹر کے طور پر کام کر سکتا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

علاوہ ازیں ماسٹر زڈ گری یا دوسری پیشہ ورانہ قابلیت رکھنے والے افراد کم از کم دس سال کی سروس کے ساتھ گریڈ سولہ اور اس سے اوپر کے ریٹائرڈ سرکاری / نیم سرکاری حکام، OG II یا اس سے اوپر کے ریٹائر بینک افسران کم از کم دس سال کی ملازمت کے ساتھ پہلے سے گزشتہ تین سال کے لئے باہمی فنڈز کی تقسیم اور انشورنس ایجنٹس کے طور پر کام کرنے والے افراد اور انشورنس کمپنی کے وثیقہ کی توثیق کرنے والے تمام لوگ بھی کسی ایک اَیسٹ مینجمنٹ کمپنی میوچل فنڈ زیونٹس کے فروخت کار کے طور پر کام کر سکتے ہیں۔

اَیسٹ مینجمنٹ کمپنیز کے لئے ضروری ہے کہ تقسیم کاروں کی استعداد بڑھانے، علم کی بنیاد میں اضافہ اور میوچل فنڈ یونٹس کی غلط فروخت کو روکنے کے لئے سال میں دو بار ملازمین اور ڈسٹری بیوٹرز کے لئے محکمہ کے اندر تربیت کا انتظام کریں۔ میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان اس طرح کے تقسیم کاروں کی سنٹر لائزڈ ڈیٹا بیس برقرار رکھنے کی ذمہ دار ہو گی اور سرمایہ کاروں کی سہولت کے لئے یہ معلومات اپنی ویب سائٹ پر فراہم کرے گی۔

ایس ای سی پی کو توقع ہے کہ یہ اصلاحات میوچل فنڈ انڈسٹری کی طویل مدتی اور پائیدار نمو کے لئے بہت اہم کردار ادا کریں گی۔ کیونکہ ایک خود مختار اور وسیع ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کے باعث سرمایہ کاروں کی بہت بڑی تعداد اور خاص کر چھوٹے سرمایہ کار میوچل فنڈز کا کاروبار کر سکیں گے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254